https://www.jkboseonline.com

**C–1–Y**

Roll No. ..........................................

Total No. of Questions : 12]

[Total No. of Printed Pages : 15

*XWZJDRO/N19*

*24701–Y*

# *URDU*

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

**(i)** تفصیلی جواب طلب سوالات۔

۱۔ درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ / سے ۲۰۰ / الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے۔ ۱۲

(الف) اتفاق سے ہر ایک واقف ........ انسان ہمیشہ ........ مدد کا محتاج ہے ........ آسمان کے ستارے ........ ہماری طرف دیکھ رہے ہیں ........ مختلف اقسام کے لوگ ........ اور مذاہب کو مل جل ........ پھوٹ و نفاق نے ........ برباد کر دیا ہے۔ آپس ........ پھر سے بھائی بھائی ........ مگر ........ تعصب کے درخت ........ ہوگا۔



https://www.jkboseonline.com

(ب) جس طرح مرد کے لئے تعلیم ............ اسی طرح عورت ............ ایک مرد کی تعلیم ............ ایک عورت کی تعلیم ............ تعلیم نسواں اور متوازی غذا۔ پڑھی لکھی خواتین۔ بچوں کو ............ خواتین پڑھ لکھ کر گھر کو جنت ............ قوم کی خوشحالی ترقی و کامرانی تعلیم نسواں کے ذریعے۔ خدا نے ............ برابر بنائے ہیں۔

(ج) سائنس نے ہماری زندگی میں ............ مسرت کا اضافہ کیا ہے۔ اس کی بدولت ہی آج انسان ...... جما لیا ہے۔ بیماریوں کا ............ ہے۔ سائنس نے ہماری ............ اور ذہن کو ............ انسان چاند سے آگے ............ ہے۔ نئی نئی نعمتیں ............ ہمیں ............ لیکن ............ اس کے ............ استعمال سے دنیا چند منٹوں میں ............ گی ............ سائنس ............ آرام دہ ............ ہے۔

https://www.jkboseonline.com



۲۔ جموں پتنی ٹاپ میں برف باری شروع ہو چکی ہے۔ آپ اپنے دوست کو برف باری کے منظر کا لطف اٹھانے کے لئے خط کے ذریعے دعوت دیجئے۔

(یا)

اپنے علاقہ کے متعلقہ انجینئر کے نام درخواست لکھئے، جس میں نلوں میں پانی کی کمی کی شکایت درج ہو۔

(یا)

اپنے سکول کے سربراہ کے نام جرمانہ معاف کرانے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ ۸

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۸

(الف) زلفن الٹے پاؤں دوڑی۔ جن کو اِدھر اُدھر دیکھا۔ کہیں پتہ نہ تھا۔



https://www.jkboseonline.com

مزاج دار سے آ کر کہا ''بی جن کا تو کہیں پتہ نہیں ۔ میں بازار تک دیکھ آئی ۔
اتنی دیر میں نہیں معلوم کہاں غائب ہوگئیں ۔'' یہ سن کر مزاج دار سر پیٹنے لگی ۔
ہائے میں لٹ گئی، ہائے میں لٹ گئی ۔ ارے لوگو! خدا کے لئے دوڑیو' موم
گروں کے چھتے تک لوگ دوڑے ۔ وہاں جا کر معلوم ہوا کہ کہیں کی بہتی
بہاتی مہینہ بھر سے کرایہ پر آ کر رہی تھی ۔ چار دن سے مکان چھوڑ کر چلی گئی ۔

(ب) داروغہ جی نے منشیائن سے روپے مانگے، تب اسے اپنے بکس کی یاد
آئی ۔ چھاتی پیٹ لی روپے اسی میں رکھے تھے ۔ داروغہ جی بھی واجبی خرچ
لے کر چلے تھے ۔ کسی طرح دس روپے نکال کر چوکھے لال کی نذر کئے ۔
انھوں نے دوا دی ۔ دن بھر کچھ افاقہ نہ ہوا ۔ مگر رات کو کچھ طبیعت سنبھلی ۔
دوسرے دن پھر دوا کی ضرورت ہوئی ۔ داروغہ نے بہت منت کی ۔ لیکن

https://www.jkboseonline.com



چوکھے لال نے ایک نہ سنی ۔ آخر منشیائن کا ایک زیور جو چوبیں روپے سے کم کا نہ تھا، بازار میں بیچا گیا تب چوکھے لال نے دوا دی۔ شام تک منشی نے چنگے ہوگئے ۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ ۷

(i) عبرت۔

(ii) آسمان، پھول اور لہو۔

(یا)

درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔

(i) مزاج دار بہو کو بے وقوف بنانے کے لئے جن نے کیا کیا؟

(ii) کرپاشنکر کون تھا؟ اور اس نے پنڈت چندردھر کی کیا مدد کی۔



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



(iii) قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال ہے؟

(iv) اقبال کی شاعری کے بنیادی فکری پہلو کیا ہیں؟

۵۔ درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ ۲

(i) افسانہ۔

(ii) ڈراما۔

(iii) انشائیہ۔

۶۔ کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ ۲

(i) پریم چند۔

(ii) نور شاہ۔

(iii) سر سید احمد خاں۔



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



۷۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔ ۶

(الف) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا تئیں

معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

(ب) دل و دیدۂ اہل عالم میں گھر ہے

تمہارے لئے ہیں مکاں کیسے کیسے

(ج) روک لو گر غلط چلے کوئی

بخش دو گر خطا کرے کوئی

(د) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ

اُدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(ہ) یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے

تری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



(و) دیکھ کر تشنہ لبی میری تعجب نہ کرو

میں نے صحراؤں کو بخشے ہیں سمندر کتنے

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھیے۔

(الف) ماں باپ سے بھی سوا ہے شفقت تیری

افزوں ہے تیرے غضب سے رحمت تیری

جنت انعام کر کہ دوزخ میں جلا

وہ رحم تیرا ہے یہ عدالت تیری

(ب) رنگین نوا بنایا مرغانِ بے زباں کو

گل کو زبان دے کر تعلیم خامشی دی

نظارہ شفق کی خوبی زوال میں تھی



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



چمکا کے اس پری کو تھوڑی سی زندگی دی

رنگین کیا سحر کو بانکی دلہن کی صورت

پہنا کے لال جوڑا شبنم کی آرسی دی

۸۔ درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے۔ ۶

(الف) محمد تقی نام ......... آگرہ میں پیدائش ......... والد کا نام .........

صوفی بزرگ ......... ابتدائی تعلیم کم عمری میں والد فوت ......... روزی کی

تلاش ......... دہلی آئے۔ سوتیلے ماموں خان آرزو ......... وہ زمانہ

......... جب مغلیہ سلطنت کا چراغ ......... بہت شعراء گئے ......... لکھنؤ

......... نواب آصف الدولہ سے ملاقات ......... اردو کے بہترین شعراء



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



میں شمار ........... استاد شعراء کی طرف سے خراج تحسین ........... انتقال

........... ۔

(ب) مرزا غالب کے دادا ........... زمانے ........... ہندوستان آئے۔

غالب آگرہ میں ........... پیدا ہوئے ........... نانا نے ان کی پرورش کی

...........تعلیم مکمل نہ ہوسکی ........... غالب کی شادی دہلی کے ........... ہوگئی۔

غالب کو ...........شمار کیا جاتا ہے۔ فارسی شاعری ........... بلند ہے۔ غالب

نے ........... میں ایک الگ راہ نکالی۔ ان کے مزاج کی شوخی اور ...........

برقرار رہی۔ ان کا انتقال دہلی میں ........... ہوا۔

۹۔ درج ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ٦

(i) غزل۔



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



(ii) مرثیہ۔

(iii) قطعہ۔

(ii) مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۰۔ (الف) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔ ۴

الفاظ: پہنچتے ، نامور ، اتفاق ، انسان ، پاک سیرت

خصائل ، جماعت ، پایہ۔

اقتباس: مجھے اپنے زمانے کے ......... اصحاب اور اپنی قوم کے بڑے شخصوں سے ملنے کا ......... ہوا ہے۔ لیکن مولانا حالی جیسے ......... اور ......... کا بزرگ مجھے ابھی تک کوئی نہیں ملا۔ نواب عمادالملک فرمایا کرتے تھے کہ سرسید کی ......... میں بہ حیثیت ......... کے مولانا حالی کا ......... بہت بلند تھا۔ اس بات میں سرسید بھی انھیں نہیں ......... تھے۔



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com


(ب) عائشہ ہو بہو اپنے باپ جیسی محنتی ہے۔ انشاءاللہ! ایک دن وہ ضرور قابل آفیسر بنے گی۔ کیونکہ محنتی کی محنت رائیگاں نہیں جاتی ہے۔

مذکورہ بالا جملوں میں ''ہو بہو''، ''ضرور''، ''کیونکہ'' اور ''کی'' کس قسم کے حروف ہیں؟ ۴

(ج) درج ذیل جملوں کو پڑھنے کے بعد خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم صفت کی نشاندہی کیجیے۔

(i) لکڑہارا لکڑی کاٹ رہا ہے۔

(ii) حمید ذہین ہے۔

(iii) آسمان نیلا ہے۔

(iv) گائے گھاس کھاتی ہے۔ ۴


https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com



(د) ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔

عائشہ ذہین ہے۔

(یا)

گائے دودھ دیتی ہے۔ ۴

۱۱۔ (الف) (i) نظم ''جگنو'' کا شاعر کون ہے؟

(ii) کثرت میں کیا مخفی ہو گیا؟ نظم جگنو کی روشنی میں جواب لکھئے۔ ۳

(ب) (i) مرزا سلامت علی دبیرؔ کے مرثیہ کا کیا عنوان ہے؟

(ii) حضرت علی اصغرؑ کس کے بیٹے تھے؟ ۳

(ج) (i) مرزا محمد رفیع سوداؔ کے قصیدہ کا کیا عنوان ہے؟

(ii) قطعہ ''نوکروں سے سخت گیری کرنے کا انجام'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ ۳



https://www.jkboseonline.com

https://www.jkboseonline.com


**(iii)** نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیئے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

زمانہ۔ شربت۔

رومال۔ دہی۔

(ب) دیئے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

مقصد۔ تکالیف۔

فوج۔ حاکم۔

(ج) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھئے۔ ۲

بیوقوف۔ شب۔

شمال۔ حرام۔


https://www.jkboseonline.com

(د) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی جمع الجمع لکھیے۔ ۲

لازم۔ رسم۔

دوا۔ رقم۔

(ہ) درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیئے۔ (صرف دو کرو) ۲

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| مفکر۔ | دانائی۔ |
| غالب۔ | فکر کرنے والا۔ |
| وحدت۔ | حاوی ہونے والا۔ |
| بصیرت۔ | ایک ہونا۔ |